




# پنجاب پریزنز ڈیپارٹمنٹ اور دی ہیلنگ ہینڈز اینڈ لرننگ فاؤنڈیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

لاہور: پنجاب پریزنز ڈیپارٹمنٹ اور دی ہیلنگ ہینڈز اینڈ لرننگ فاؤنڈیشن کے درمیان انسپکٹریٹ آف پرزنز پنجاب میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے، جس کا مقصد محکمہ جیل خانہ جات کے افسران واہلکاروں اوران کے اہلِ خانہ کے لیے معیاری تعلیم کے مواقع اور خصوصی فیس سہولیات کی فراہمی ہے۔

تقریب میں انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات پنجاب میاں سالک جلال اور ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز ملک محمد شوکت فیروز نے شرکت کی، جبکہ فاؤنڈیشن کی جانب سے شاہد قادر اور ڈپٹی چیئرمین مس حنا باری موجود تھیں۔

مفاہمتی یادداشت کے تحت سپیریئر گروپ آف کالجز اور اے ایس کالجز میں محکمہ جیل خانہ جات کے افسران واہلکاروں کے بچوں کے لیے خصوصی فیس رعایتیں فراہم کی جائیں گی۔ شہداء کے بچوں کی فیس سو فیصد معاف جبکہ دورانِ ڈیوٹی زخمی اہلکاروں اور حاضر سروس افسران واہلکاروں کے بچوں کے لیے فیس میں ساٹھ فیصد رعایت دی جائے گی۔ داخلہ فیس سمیت دیگر متعلقہ فیسوں میں بھی خصوصی سہولت فراہم کی جائے گی۔

اس کے علاوہ دونوں اداروں کے درمیان تحقیق، علمی و تعلیمی سرگرمیوں، لیکچرز اور تربیتی پروگراموں کے انعقاد میں بھی باہمی تعاون کو فروغ دیا جائے گا۔

یہ مفاہمتی یادداشت محکمہ جیل خانہ جات کے افسران واہلکاروں اوران کے خاندانوں کی تعلیمی و فلاحی سہولیات میں اضافے اور پیشہ ورانہ استعدادِ کار کے فروغ کی جانب ایک اہم اقدام ہے۔